4511CH04

# 4 جز اور کُل

## ہمارا پرچم



آپ نے ہمارے ملک کا پرچم ضرور دیکھا ہوگا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پرچم کس طرح بنایا جاتا ہے؟

ایک **مستطیل** بنایئے جس کی لمبائی 9 سینٹی میٹر اور چوڑائی 6 سینٹی میٹر ہو۔ اسے تین برابر حصوں میں تقسیم کیجیے اور پرچم بنایئے۔

پرچم کے اوپر کا ایک تہائی حصہ زعفرانی (یا نارنگی) ہے۔ درمیان میں ایک تہائی حصے کا رنگ کیا ہے؟

آپ اشوک چکر کہاں بنائیں گے؟

پرچم کے کتنے حصّے میں آپ ہرا رنگ بھریں گے؟

کیا سفید رنگ پرچم کے ایک تہائی حصّے سے کم ہے؟ کیوں؟

افغانستان کا جھنڈا



اب اس پرچم کو دیکھیے۔ اس کا کتنا حصّہ سیاہ ہے؟ ____________

پرچم کے ہرے حصّے کو اس طرح لکھا جا سکتا ہے۔ ____________

کیا لال رنگ پرچم کے ایک تہائی حصّے سے کم ہے؟ کیوں؟



یہ ہمارے پڑوسی ملک میانمار کا پرچم ہے۔

کیا نیلا رنگ پرچم کے ایک چوتھائی حصّے سے زیادہ یا کم ہے؟

اندازہ لگایئے کہ پرچم کا کتنا حصّہ لال ہے۔ کیا یہ $\frac{1}{2}$ سے زیادہ ہے؟ کیا یہ تین چوتھائی سے زیادہ ہے؟

کیوں کہ ہندوستانی جھنڈے کے سفید حصّے میں نیلا چکر ہے، سفید رنگ 1/3 سے تھوڑا سا کم ہے۔ اس نکتے پر کچھ بحث ہو سکتی ہے۔



© NCERT not to be republished

### معلوم کیجیے

جتنا ممکن ہو آپ اتنی طرح کے پرچم جمع کیجیے۔

کتنے پرچموں میں تین رنگ موجود ہیں؟ کیا ان میں تمام رنگین حصے برابر ہیں؟

یہ کیرل کے ایک اسکول میں ریاضی کلب کا پرچم ہے۔ پرچم کا کون سا حصہ لال رنگ کا ہے؟ کون سا حصہ ہرا ہے؟




اس کالے نشان کو دیکھیے۔ اسے بنائیے۔ کیا آپ کے اسکول میں ایک ریاضی کلب ہے؟ اگر نہیں ہے تو اپنے استاد سے معلوم کیجیے کہ اسے کس طرح بنایا جاسکتا ہے۔ اپنے ریاضی کلب کے لیے ایک پرچم کا ڈیزائن تیار کیجیے۔ اسے یہاں بنایے۔



کیا آپ نے لال رنگ استعمال کیا ہے؟ آپ نے پرچم کے کتنے حصے میں لال رنگ بھرا ہے؟

آپ نے اور دوسرے کون سے رنگوں کا انتخاب کیا ہے؟

اسکول میں ریاضی کلب قائم کیا جاسکتا ہے۔ جس میں پہیلیوں کا بنانا، اشکال اور جوکر (Tangrams) بنانا، عمارتوں کے نقشے بنانا ماحول میں موجود مختلف جیومیٹریائی اشکال اور زاویے بنانا، اسکول کے میدان کا رقبہ اور احاطہ معلوم کرنا وغیرہ بہت ساری مزے دار عملی سرگرمیاں کرائی جاسکتی ہیں۔





© NCERT not to be republished





## جادوئی لٹّو

آیئے ایک جادوئی لٹّو بنائیں۔

گتّے (کارڈبورڈ) کا ایک ٹکڑا لیجیے۔

3 سینٹی میٹر نصف قطر کا ایک دائرہ کھینچیے اور اسے کاٹیے۔

دائرہ کو 8 برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے۔ اب ہر حصّہ دائرہ کا $\frac{1}{8}$ حصّہ ہے۔

$\frac{2}{8}$ حصے کو لال ، $\frac{1}{8}$ کو نارنگی، $\frac{1}{8}$ کو پیلے رنگ سے بھریئے، جیسا کہ یہاں دکھایا گیا ہے۔

دائرہ کے مرکز میں ایک ماچس کی تیلی لگایئے۔

آپ کا جادوئی لٹّو تیار ہے۔ اسے تیزی سے گھمایئے!

آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟ کیا آپ دیکھ پا رہے ہیں؟ آپ نے جو دیکھا اسے اپنی کاپی میں لکھیے۔






### مشق کا وقفہ

A) چاکلیٹ بار

منجو کے پاس ایک چاکلیٹ تھی۔ اس نے اس کا ایک چوتھائی راجی کو دے دیا، ایک تہائی سگا تھا کو اور ایک چھٹا حصہ شیلا کو دے دیا۔ بقیہ حصہ اس نے خود کھالیا۔ ہر ایک کو چاکلیٹ کے کتنے ٹکڑے ملے؟ یہاں لکھیے۔














منجو نے چاکلیٹ کا کتنا حصّہ کھایا؟

**B) ٹوپیوں میں رنگ بھریے**



$\frac{1}{3}$ ٹوٹوپیوں میں لال رنگ بھریے۔


$\frac{3}{5}$ ٹوپیوں میں نیلا رنگ بھریے۔

آپ نے کتنی ٹوپیوں میں لال رنگ بھرا؟

آپ نے کتنی ٹوپیوں میں نیلا رنگ بھرا؟

ٹوپیوں کے کتنے حصّے میں کوئی رنگ نہیں بھرا گیا؟

**C) مثلث کے برابر حصّے**




سفید مثلث کو تین برابر حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر ایک تہائی حصّے کو الگ الگ رنگ سے بھریے۔ کیا آپ دکھا سکتے ہیں کہ یہ حصّے برابر ہیں؟ سوچیے کس طرح۔


اب اس مثلث کو الگ طریقے سے تین برابر حصوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کیجیے۔ ہر ایک تہائی حصّے میں الگ رنگ بھریے۔

not to be republished © NCERT


## D) مستطیل کے چھ حصّے

رانی نے ہرے رنگ کے مستطیل کو چھ برابر حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔





* اب آپ ہر مستطیل کو الگ الگ طریقے سے چھ برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے۔



© NCERT not to be republished



### بحث کیجیے

* آپ یہ کس طرح معلوم کریں گے کہ مستطیل کا ہر حصّہ حقیقت میں اُس مستطیل کا $\frac{1}{6}$ حصہ ہی ہے؟
* ہرا مستطیل نیلے مستطیل سے بڑا ہے۔ کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہرے مستطیل کا $\frac{1}{6}$ حصہ نیلے مستطیل کے $\frac{1}{6}$ حصے سے بڑا ہے؟




## لالچی دربان

بیربل کو یاد کیجیے، بادشاہ اکبر کے زمانے کا ہوشیار وزیر (ریاضی کا جادو چوتھی جماعت کی کتاب، صفحہ 14) کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ کس طرح وزیر بنا تھا؟


اس وقت بیربل گاؤں میں رہنے والا ایک نوجوان لڑکا تھا۔ وہ بہت ہوشیار تھا اور نظم لکھ سکتا تھا۔

اس نے سوچا کہ وہ بادشاہ کے دربار میں اپنی قسمت آزمائے۔ اس لیے وہ اپنی کچھ نظمیں لے کر شہر کی جانب نکل پڑا۔

جب وہ محل کے باہری دروازے پر پہنچا تو دربان نے اسے روک دیا۔ ''اے! رک جاؤ! کہاں جا رہے ہو؟'' دربان نے چلا کر پوچھا۔

اُس لڑکے نے جواب دیا۔ ''میں ایک شاعر ہوں۔ میں اکبر بادشاہ سے مل کر انھیں اپنی نظمیں دکھانا چاہتا ہوں''

''ارے، تم ایک شاعر ہو! بادشاہ رحم دل ہے، وہ تمھیں ضرور انعام سے نوازے گا۔ میں تمھیں اندر جانے دوں گا اگر تم مجھے اپنے انعام کا $\frac{1}{10}$ حصہ دو گے۔''



© NCERT not to be republished

بیربل کے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا اس لیے وہ راضی ہو گیا۔

جب وہ اندر گیا، تو دربان نے حساب لگایا ''اگر اسے 100 سونے کے سکّے ملے تو مجھے ــــــ سونے کے سکّے ملیں گے۔''




شاعر دوسرے دربان کے پاس آیا۔

اس دربان نے بھی یہی کہا۔ ''میں تمھیں تبھی اندر جانے دوں گا جب تم مجھے اپنے انعام کا $\frac{2}{5}$ حصہ دو گے''۔ شاعر راضی ہو گیا۔

دربان نے خوش ہو کر حساب لگایا '' شاعر کو کم سے کم 100 سونے کے سکّے ملیں گے اس طرح مجھے ــــــــــــ سونے کے سکّے ملیں گے!''

شاعر آخری دروازے پر پہنچا تو دربان نے کہا'' میں تمھیں بادشاہ سے ملنے کی اجازت اسی وقت دوں گا جب تم اپنے انعام کا آدھا حصّہ مجھے دو گے۔'' شاعر کے پاس اور کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا۔ وہ راضی ہو گیا اور اندر چلا گیا۔



دربان نے سوچا، '' آج بڑا اچھا دن ہے اگر اسے 100 سونے کے سکّے ملیں گے تو مجھے ــــــ سونے کے سکّے ملیں گے۔ لیکن اگر اسے 1000 سکّے ملیں گے ــــــــ واہ! مجھے ــــــ ملیں گے۔''

بادشاہ نظمیں سن کر بہت خوش ہوا اس نے کہا: '' آپ کی نظمیں بہت اچھی ہیں۔ آپ انعام کے طور پر کچھ بھی مانگ سکتے ہو۔''

'' آقا! میں 100 تھپڑ چاہتا ہوں۔''

'' کیا! 100 تھپڑ؟ ـــــــ'' بادشاہ بہت حیران ہوا ـــــــــ




* اس کے بعد کیا ہوا ہوگا اس کہانی کو مکمل کیجیے۔ شاعر کو انعام کا کون سا حصّہ ملا؟

© NCERT not to be republished


## نمونوں کے حصّے

1) D,C,B گرڈ (Grid) کے کچھ خانوں میں رنگ بھر کے الگ الگ نمونے بنائیے۔ آپ نے گرڈ کے کتنے حصوں میں رنگ بھرا؟ گرڈ کا کتنا حصہ سفید رہا؟ لکھیے۔




A


$\frac{8}{16}$ نیلا، $\frac{8}{16}$ سفید



B



C



D

© NCERT not to be republished

2) گرڈ A کو غور سے دیکھیے۔ کیا گرڈ میں بھرا ہوا رنگ؟ ——

a) $\frac{1}{2}$ نیلا، $\frac{1}{2}$ سفید؟

b) $\frac{2}{4}$ نیلا، $\frac{2}{4}$ سفید؟

c) $\frac{3}{8}$ نیلا، $\frac{5}{8}$ سفید؟

d) $\frac{4}{8}$ نیلا، $\frac{4}{8}$ سفید؟

غلط جواب پر (×) کا نشان لگائیے۔


3) 16 مربعوں کے خانے (گرڈ) بنائیے اور ان سے نمونے بنائیے۔


a) $\frac{2}{8}$ لال، $\frac{1}{2}$ پیلا، $\frac{1}{4}$ ہرا

b) $\frac{3}{16}$ نیلا، $\frac{5}{16}$ لال، $\frac{1}{2}$ پیلا

## راموکا سبزیوں کا کھیت

راموکے سبزیوں کے کھیت کے 9 برابر حصّے ہیں۔ وہ اپنے کھیت میں کون کون سی سبزیاں اگاتا ہے؟





1) کھیت کے سب سے بڑے حصّے میں کون سی سبزی اُگتی ہے؟ کتنا حصّہ؟


2) وہ کھیت کے کتنے حصّے میں آلو اُگاتا ہے؟

3) کھیت کا کتنا حصہ پالک اُگانے کے لیے اور کتنا حصہ بیگن اگانے کے لیے استعمال کیا گیا؟

4) اب آپ اس تصویر کو دیکھ کر کچھ سوالات لکھیے۔



* رامو ان سبزیوں کو اپنے دوستوں کو دینا چاہتا ہے۔ اس نے ابوبکر کو ٹماٹروں کا پانچواں حصّہ اور آلوؤں کا $\frac{1}{3}$ حصہ دیا۔ سریجا کو ٹماٹروں کا $\frac{2}{5}$ حصّہ آلوؤں کا $\frac{3}{6}$ حصّہ ملا۔ نینسی کو باقی بچی ہوئی سبزیاں ملیں۔ ابوبکر کے حصّے پر نیلے رنگ سے دائرہ بنایے۔ سریجا کو ملے حصّے کی پیلے رنگ سے دائرہ بندی کیجیے۔



* نینسی کو کتنے آلو اور ٹماٹر ملے؟




## کھیل: کون دائرے میں پہلے رنگ بھرتا ہے؟

یہ کھیل چار چار کے گروپ میں کھیلا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ دکھایا گیا ہے ہر کھلاڑی کو ایک دائرہ بنانا ہے۔ ہر ایک کو کاغذ کی پرچیوں پر 15 ٹوکن بنانے ہیں ۔ اپنے ٹوکنوں پر $\frac{1}{2}$، $\frac{1}{3}$، $\frac{1}{4}$، $\frac{1}{6}$، $\frac{1}{12}$، $\frac{2}{12}$، $\frac{3}{12}$، $\frac{4}{12}$، .......... $\frac{11}{12}$ لکھیے۔


ٹوکنوں کو ملائیے اور گروپ کے درمیان میں ایک ڈھیر بنائیے۔ اب آپ کھیل شروع کرنے کے لیے تیار ہیں۔


پہلا کھلاڑی ڈھیر سے ایک ٹوکن اٹھائے گا اور اسے پڑھ کر تصویر کے اتنے حصّے میں رنگ بھرے گا۔ پھر ٹوکن کو ڈھیر کے نیچے رکھ دے گا۔ دوسرا کھلاڑی بھی اسی طرح کرے گا اور اسی طرح سے کھیل آگے بڑھتا رہے گا۔ وہی کھلاڑی جیتا ہوا کہلائے گا جو سب سے پہلے دائرہ میں مکمل طور پر رنگ بھرے گا۔



* تو پھر کون کھیل جیتا؟
* جیتنے والے کو کتنے ٹوکن ملے؟
* آپ کو کتنے ٹوکن ملے، لکھیے؟
* آپ نے دائرے کے کتنے حصوں میں رنگ بھرا؟

## کارڈ کی پہیلی






2019-20

1) مربع A کے سفید رقبے کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے۔ کیا جواب حاصل ہوا؟ کیا یہ آسان تھا؟
اب دوسرے سوال کا جواب دیجیے۔


2) مربع B میں سفید رقبے کو تین برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے! یہ بھی آسان ہے، ہے نا؟
اب تیسرے سوال کا جواب دیجیے۔


3) مربع C کے سفید رقبے کو چار برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے!! کیا یہ تھوڑا مشکل ہے؟ پریشان مت ہوئیے، آرام سے کیجیے۔
اگر آپ اسے نہ کر سکیں تو جواب کو دیکھیے۔
اب آخری سوال کا جواب دیجیے۔

4) مربع D کے سفید رقبے کو سات برابر حصّوں میں تقسیم کیجیے!!!!
اسے کرنے کا عالمی ریکارڈ 7 سیکنڈ کا ہے۔ لیکن آپ اس کے لیے کچھ منٹ لے سکتے ہیں۔ کیا آپ سوچ سوچ کر تھک چکے ہیں؟ صفحہ 68 پر جواب دیکھیے۔ کیا یہ واقعی مشکل تھا؟

## اندازہ لگائیے اور جانچ کیجیے

A) ہر شکل کے کتنے حصّہ میں رنگ بھرا ہوا ہے؟
پہلے جواب کا اندازہ لگائیے اور بعد میں جانچ کیجیے۔



(1)


(2)


دائرے میں رنگ بھرنا اور اسی طرح کی مزید سرگرمیاں جماعت میں کروائی جانی چاہیے۔ سرگرمیوں کے بعد بچوں سے بات چیت ان کے اندر ''کسر'' کے تصور کو سمجھنے میں مدد کرے گی۔




© NCERT not to be republished



(4)




(3)



B) کیا آپ کو یہ تصویر یاد ہے؟ چھوٹے مثلث کو دیکھیے ۔ یہ مربع کا کون سا حصّہ ہے؟
آپ اسے کس طرح معلوم کریں گے؟
بڑے مثلثوں اور دوسرے اشکال کو چھوٹے چھوٹے مثلثوں میں تقسیم کیجیے (لال مثلث کی طرح)۔ وہاں ایک ساتھ کل کتنے مثلث بنیں گے؟


## رنگین حصّے

انھیں مکمل کیجیے




1

اس دائرے کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ _____ برابر ایک حصّے میں نیلا رنگ بھرا گیا ہے۔




2

یہاں دائرے کو _____ برابر حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ _____ برابر حصّوں میں سے _____ حصّے میں نیلا رنگ بھرا گیا ہے۔




3

اس دائرے میں .............................
...................................................
...................................................
...................................................



4

اس دائرے میں .............................
...................................................
...................................................
...................................................




اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ $\frac{1}{2} = \frac{2}{....} = \frac{...}{6} = \frac{...}{8}$




## حلوے کو کاٹنا


رمیش نے اپنے بچوں امو اور انو کے لیے حلوے کا ایک ٹکڑا خریدا۔



اس نے دونوں کے لیے اسے برابر حصوں میں تقسیم کیا۔

* ہر ایک کو حلوے کا ________ حصّہ ملے گا۔


''یہ ٹکڑا بہت بڑا ہے۔ ہم اسے نہیں کھا سکتے'' انھوں نے کہا۔ اس لیے اس نے حلوے کے ان ٹکڑوں کو پھر تقسیم کیا۔ اب امو کو کتنے ٹکڑے ملیں گے؟ ________



* یہ حلوے کا کون سا حصّہ ہے؟ ________

''ابا جان اسے اور چھوٹا کر دیجیے'' انھوں نے کہا۔ اس لیے انھوں نے حلوے کو دوبارہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ دیا۔

''یہ ٹھیک ہے۔ شکریہ ابّو''۔






* اب ہر ایک کو کتنے ٹکڑے ملیں گے؟
* ہر ٹکڑا حلوے کا کون سا حصّہ ہے؟
* اگر رمیش نے حلوے کو 6 برابر ٹکڑوں میں کاٹا ہوتا تو ہر ایک کو کتنے ٹکڑے ملتے؟ سوالات 1 تا 4 کے اپنے جوابات میں دیکھیے اور لکھیے :

$$\frac{1}{2} = \frac{\quad}{\quad} = \frac{\quad}{\quad} = \frac{\quad}{\quad} = \frac{\quad}{\quad} = \frac{\quad}{\quad}$$

## پٹّی کے حصّے

تصویر کو دیکھیے ۔ بتائیے ہر ہرے رنگ کا حصّہ پٹی کا کون سا حصّہ ہے ۔ ہر ایک رنگ کی پٹی کا ایک ٹکڑا اس پٹی کا کون سا حصہ ہے۔ لکھیے۔



کتنے ایک چوتھائی مل کر آدھا بنائیں گے؟

کتنے $\frac{1}{8}$ مل کر $\frac{1}{4}$ بنائیں گے؟

$\frac{1}{2}$ میں کتنے $\frac{1}{8}$ ہیں؟


اب اپنے دوستوں سے اس تصویر سے متعلق کچھ سوالات معلوم کیجیے۔

## نمونے

اس مربع کو دیکھیے ۔

اس کے کتنے حصوں کا رنگ نیلا ہے۔

کتنا حصّہ ہرا ہے؟



## پہیلی: کیا یہ برابر ہیں؟


امینی کہتی ہے کہ آدھے کا آدھا اور تین چوتھائی کا ایک تہائی برابر ہے ۔ کیا آپ اسے صحیح سمجھتے ہیں؟ آپ اسے کس طرح دکھائیں گے؟

مادّی اشیا کا استعمال (مثال کے طور پر ماچس کی تیلیاں، بوتلوں کے ڈھکن وغیرہ) بچوں کو برابری کی کسر سمجھنے میں مدد کرے گا مثال کے طور پر $\frac{1}{2} = \frac{2}{4} = \frac{3}{6} = \frac{4}{8} = \frac{5}{10}$ الگ الگ پیمائش کے کاغذوں کا استعمال کر کے بچے اپنی مختلف پٹیاں بنائیں ۔ بچوں کو ان پٹیوں میں رنگ بھر کر الگ الگ کسر بنا کر ان کا موازنہ کرنے کے لیے کہیں۔




© NCERT not to be republished


## ایک حصّے سے مکمل ہونے تک



1) یہاں ایک پھول کی $\frac{1}{5}$ پنکھڑیاں دکھائی گئی ہیں۔ باقی پنکھڑیاں بنا کر پھول کو مکمل کیجیے۔



2) تصویر میں پنکھے کی ایک تہائی پنکھڑی دکھائی دے رہی ہے۔ دوسری پنکھڑیاں بنا کر تصویر کو مکمل کیجیے۔



3) ایک دوسرے پنکھے کی آدھی پنکھڑیاں یہاں دکھائی گئی ہیں۔ باقی آدھا حصہ بنا کر تصویر کو مکمل کیجیے۔ آپ نے کتنی پنکھڑیاں بنائی ہیں؟

## روپے اور پیسے

کتنے  ایک روپیہ بنائیں گے؟




کیا 50 پیسے ایک روپیہ کا آدھا ہے؟

کتنے  ایک روپیہ بنائیں گے؟

25 پیسے ایک روپے کا ________ حصّہ ہے۔

20 پیسے ایک روپے کا ________ حصّہ ہے۔

کتنے 10 پیسے ایک روپیہ بنائیں گے؟



اس لیے 10 پیسے ایک روپے کا ________ حصّہ ہے۔

© NCERT not to be republished

## ایک بزرگ عورت کی وصیت

ایک بزرگ عورت تھی ۔ وہ اپنی تین بیٹیوں کے ساتھ رہتی تھی ۔ وہ کافی مالدار تھی۔ اس کے پاس 19 اونٹ تھے۔ ایک روز وہ بیمار ہوگئی۔ بیٹیوں نے ڈاکٹر کو بلایا۔ ڈاکٹر نے پوری کوشش کی لیکن وہ عورت کو نہیں بچا سکا۔ اس کے انتقال کے بعد بیٹیوں نے اس کی لکھی وصیت پڑھی۔



میری سب سے بڑی بیٹی کو میرے اونٹوں کا $\frac{1}{2}$ حصّہ ملے گا۔

میری دوسری بیٹی کو میرے اونٹوں کا $\frac{1}{4}$ حصّہ ملے گا۔

میری تیسری بیٹی کو میرے اونٹوں کا $\frac{1}{5}$ حصّہ ملے گا۔

بیٹیوں کے لیے حقیقت میں یہ پہیلی بن گئی ۔ بڑی بیٹی نے کہا: ''مجھے کل 19 اونٹوں کا $\frac{1}{2}$ حصّہ کیسے ملے گا؟''

دوسری بیٹی نے کہا: ''19 کا آدھا ساڑھے نو ہے۔ لیکن ہم اونٹ کو کاٹ نہیں سکتے!''

تیسری بیٹی نے کہا: ''یہ صحیح ہے۔ لیکن اب ہم کیا کریں گے؟''

تبھی انھوں نے اپنی چچی جان کو آتے ہوئے دیکھا۔ بیٹیوں نے اپنا مسئلہ ان کے سامنے رکھا۔

چچی جان نے کہا: ''مجھے وصیت دکھائیے۔ میرے پاس ایک ترکیب ہے۔ تم میرا اونٹ لے لو۔ اس طرح تمھارے پاس 20 اونٹ ہیں۔ اب تم انھیں اپنی والدہ کی وصیت کے مطابق بانٹ سکتی ہو۔''


اس نے بڑی بیٹی سے کہا: ''تم آدھے اونٹ چاہتی ہو نا؟ 10 اونٹ لے لو۔''

چچی جان نے دوسری بیٹی سے کہا: ''تم اپنا حصّہ لے لو۔'' اس نے ایک چوتھائی اونٹ لے لیے اور اسے ___ اونٹ ملے۔

چچی جان نے تیسری بیٹی سے کہا: ''تم اونٹوں کا $\frac{1}{5}$ حصّہ لے سکتی ہو۔'' اسے ___ اونٹ ملے۔ بیٹیاں بہت خوش ہوئیں اور انھوں نے اپنے اونٹوں کی گنتی اس طرح کی $19 = __ + __ + 10$

© NCERT not to be republished

"بچا ہوا ایک اونٹ میرا ہے" چچی جان نے کہا اور وہ اپنا اونٹ لے گئیں!



* یہ کس طرح ممکن ہوا؟ بحث کیجیے۔

## ارون کا ٹائم ٹیبل


| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

سونا: دن کا ایک تہائی حصّہ

دکھانے کے لیے الگ الگ رنگوں کا استعمال کیجیے۔

کھیلنا: دن کا آٹھواں حصّہ

پڑھنا: دن کا $\frac{1}{4}$ حصہ





ارون ان کے لیے کتنے گھنٹے لیتا ہے؟

سونے کے لیے ______ گھنٹے

پڑھنے کے لیے ______ گھنٹے

کھیلنے کے لیے ______ گھنٹے

وہ دوسرے کاموں کے لیے دن کا کتنا حصّہ استعمال کرتا ہے؟



## اسکول میگزین

ایک اسکول نے یہ فیصلہ کیا کہ سال کے ہر چوتھائی حصّے میں ایک رسالہ (میگزین) نکالا جائے۔ ایک سال میں وہ کتنے رسالے نکالیں گے؟ اگر وہ اسے سال کے ہر چوتھائی حصّے کے آخر میں چھپوانا چاہیں تو کون کون سے مہینے چھپائی کے ہو سکتے ہیں؟ ان مہینوں کی نشاندہی کیجیے؟

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |

## نیند کے بارے میں ایک مزید بات!




کیا آپ نے راون کے بھائی، کُمبھ کرن کے بارے میں سنا ہے؟ وہ آدھے سال تک سونے کے لیے مشہور ہے۔

زیادہ تر لوگ ایک دن میں 8 گھنٹے سوتے ہیں۔

تب یہ دن کا کون سا حصّہ ہے؟ ________

اس طرح وہ سال کا کتنا حصّہ سوتے ہیں؟ ایک 60 سال کے بزرگ ________ سالوں تک ضرور سوئے ہوں گے!!!





## جواب: کارڈ کی پہیلی (صفحہ 61)

کیا آپ مربع D پر اٹکے ہوئے تھے؟
اصل میں وہ سب سے زیادہ آسان تھا!!

بچوں کی یہ سوچنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ دن کا کتنا حصّہ مختلف سرگرمیوں میں صرف کرتے ہیں۔ انھیں ایسے بچوں کے بارے میں سمجھ ہونی چاہیے جو دن کا زیادہ تر حصّہ کام کرنے میں یا گھر کے کام میں مدد کرنے میں صرف کرتے ہیں۔ سال کے حصّوں کے بارے میں سوچنے میں بھی ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

© NCERT not to be republished






## کیرتی کی خریداری کی فہرست

قیمتوں کی پیلے رنگ کی فہرست پر غور کیجیے۔

a) 2 کلوگرام ٹماٹر کی قیمت کیا ہے؟

b) $\frac{1}{2}$ کلوگرام ٹماٹر کی قیمت کیا ہے؟

c) کرن $2\frac{1}{2}$ کلوگرام ٹماٹر خریدنا چاہتی ہے۔ ان کی قیمت کتنی ہوگی؟


d) $3\frac{1}{2}$ کلوگرام آلو کی قیمت کیا ہوگی؟

e) $1\frac{1}{4}$ کلوگرام گاجر کی قیمت کیا ہے؟

f) اس نے $4\frac{3}{4}$ کلوگرام لوکی خریدی جس کی قیمت ـــــــ ہے۔

g) کیرتی کے ہاتھ میں موجود سامان کی فہرست کو دیکھیے ۔ تمام سامان کو خریدنے کے لیے اسے کتنی رقم دینی ہوگی؟

h) آپ جو سبزیاں خریدنا چاہتے ہیں ان کا بل خود بنایے۔ معلوم کیجیے کہ آپ کو کل کتنی قیمت ادا کرنی ہے۔




| اشیا | قیمت روپیوں میں (فی کلوگرام) | رقم |
|---|---|---|
| | | |
| | کل | |

بچوں کی جماعت میں حقیقی قیمتوں کی فہرست اور بل لانے اور اس پر بات چیت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔



2019-20

## مشق کا وقفہ

### 1) رحیم کا سفر

رحیم کو اپنے اسکول پہنچنے کے لیے $1\frac{1}{4}$ کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔ اسے اپنے اسکول جانے اور وہاں سے گھر آنے میں کل کتنا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے؟

### 2) کون سے سکّے؟


لتا نے ایک پنسل اور ایک پین ساڑھے سات روپے میں خریدا۔ اس نے 10 روپیے دیے۔ دوکاندار نے اسے واپس رقم آدھے اور چوتھائی روپیوں میں دی۔ بتائیے اسے کون سے سکّے کتنے ملے؟

### 3) ریلوے اسٹیشن پر









a) ریل گاڑی کے آج کس وقت آنے کی امید ہے؟

b) نازیہ اس اسٹیشن سے $2\frac{1}{2}$ گھنٹے بعد دوسرے اسٹیشن پر اترے گی۔ وہ کس وقت اترے گی؟

c) شاجی کو اس ریل گاڑی سے ارناکلم پہنچنے میں 5 گھنٹے لگیں گے۔ وہ کس وقت ارناکلم پہنچے گا؟

© NCERT not to be republished